https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

تانتیہ یونیورسٹی، راجستھان کے زیر اہتمام منعقدہ نیشنل موٹ کورٹ مقابلے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی لا فیکلٹی کے طالب علم نے ایڈووکیسی ایکسیلینس ایوارڈ جیتا

New Delhi, November 4, 2026

فیکلٹی آف لا، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'دوسرے ڈاکٹر ایس ایس ٹنٹیا نیشنل موٹ کورٹ مقابلہ' دو ہزار چھبیس میں اپنے طلبہ کی شان دار کارکردگی سے یونیورسٹی کا نام روشن کیا ہے۔ واضح ہو کہ یہ مقابلہ چوبیس سے پچیس اکتوبر دو ہزار چھبیس کے درمیان شری گنگا نگر، راجستھان میں واقع ٹنٹیا یونیورسٹی کی فیکلٹی آف لا کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا تھا۔

بی اے ایل ایل بی پروگرام (بیچ دو ہزار پچیس تا دو ہزار تیس) کی طالبہ، محترمہ انتہا خان کو ان کی غیر معمولی زبانی وکالت، قائل کرنے والے قانونی دلائل، تجزیاتی استدلال اور عدالتی پیش کش کی مہارتوں کے اعتراف میں باوقار 'ایڈووکیسی ایکسی لینس انعام' سے نوازا گیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فیکلٹی آف لا کی جانب سے حصہ لینے والی ٹیم میں درج ذیل طلبہ شامل تھے:

ایک۔ محترمہ زوبی انصاری (اسپیکر)

دو۔ محترمہ انتہا خان (اسپیکر) (ایڈووکیسی ایکسی لینس ایوارڈ یافتہ)

تین۔ محترمہ شمبھوی کماری (ریسرچر)

یہ تینوں طالبات جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بی اے ایل ایل بی بیچ دو ہزار پچیس تا دو ہزار تیس سے تعلق رکھتی ہیں۔

قومی سطح کے اس مقابلے نے قانون کے شعبے میں حصہ لینے کے خواہاں طلبہ کو ایک بہترین پلیٹ فارم مہیا کیا، جہاں وہ بنیادی اور ضابطہ جاتی قوانین وضوابط، قانونی تشریح، تنقیدی استدلال اور عدالتی وکالت کے متعلق اپنی فہم کا مظاہرہ کر سکیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی لا فیکلٹی کے ڈین نے ایوارڈ یافتہ طالب علم، ٹیم کے اراکین اور طلبہ کے سرپرستوں کو ان کی شان دار کامیابی پر مبارک باد پیش کی۔ ڈین نے ان کی لگن، استقامت اور بہترین تعلیمی کارکردگی کے تئیں ان کے عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی کامیابیاں یونیورسٹی کی تعلیمی ساکھ اور پیشہ ورانہ وقار کو بڑھانے میں نمایاں کردار ادا کرتی ہیں۔

علاوہ ازیں ڈین نے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف ،شیخ الجامعہ ،جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بصیرت افروز قیادت، مسلسل حوصلہ افزائی اور ادارہ جاتی تعاون کا بھی اعتراف کیا اور اس پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔ ڈین نے اس بات پر زور دیا کہ عمدہ تعلیمی مظاہرے کو فروغ دینے ،طلبہ مرکوز اقدامات کو مستحکم کرنے اور قومی سطح کے باوقار تعلیمی مقابلوں میں شرکت کی حوصلہ افزائی کرنے کے حوالے سے ان کے عزم نے ایک ایسا سازگار ماحول پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، جس کی بدولت طلبہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھار سکتے ہیں اور قومی سطح پر شناخت قائم کر سکتے ہیں۔

ڈِین نے مزید کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ کی مسلسل رہنمائی اور تعاون نے لافیکلٹی میں علمی جدت، تجرباتی آموزش اور پیشہ ورانہ مہارت کی فضا کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ اس طرح کی ادارہ جاتی حوصلہ افزائی طلبہ کو 'موٹ کورٹ' مقابلوں اور دیگر علمی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ترغیب دیتی ہے، جس سے ان کی قانونی معلومات، وکالت کی مہارتوں اور پیشہ ورانہ اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی لافیکلٹی کی 'موٹ کورٹ کمیٹی' نے بھی پوری ٹیم کو دلی مبارک باد پیش کی اور مقابلے کے لیے شرکا کو تیار کرنے میں طلبہ کے نگراں کی گراں قدر خدمات کو سراہا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی لافیکلٹی ، ایوارڈ یافتہ طالب علم ،ٹیم کے شرکا اور تربیت کار و نگراں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتی ہے اور مستقبل کی تمام علمی و پیشہ ورانہ مساعی میں ان کی مسلسل کامیابی کے لیے دعا گو ہے۔

دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ